10209- بیوی کو طلاق دے دی لیکن طلاق کا اسٹام نہیں بنوایا

سوال

ایک عورت کو اس کے خاوند نے طلاق دے دی اور اس کی عدت بھی گزر چکی ہے، لیکن وہ اب تک اسلامک سینٹر سے طلاق کا پیپر نہیں لا سکی، اور نہ ہی اس کے پاس اس ملک کے سرکاری محکمہ سے طلاق کا کوئی ثبوت ہے جہاں وہ منتقل ہوئی ہے، تو کیا اس کے لیے شادی کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبد اللہ بن جبرین حفظہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا :

"جس ملک میں منتقل ہوئی ہے وہاں کی عدالت میں جا کر وہ خاوند غائب ہونے اور اخراجات نہ بھیجنے کو مد نظر رکھتے ہوئے فسخ نکاح طلب کرے، تو یہ فسخ طلاق کے قائم مقام ہوگا"

واللہ تعالی اعلم.